PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE

# PULSE

## NEWSLETTER

ISSUE 18, JAN-MAR 2018

Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) is Pakistan's first and only multi-commodity futures exchange, which is licensed and regulated by the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). Shareholders of PMEX include National Bank of Pakistan (NBP), Pakistan Stock Exchange Limited (PSX), ISE Towers REIT Management Company Limited, LSE Financial Services Limited, Pak Brunei Investment Company Limited, ZaraiTaraqiati Bank Limited and Pak Kuwait Investment Company Limited.The Exchange offers a diverse range of domestic and international commodities and financial futures. With a sophisticated infrastructure based on state-of-the-art technology, PMEX provides a complete suite of services i.e. trading, clearing and settlement, custody as well as back office, all under one roof. PMEX's international affiliations include memberships of Association of Futures Markets (AFM), & Futures Industry Association (FIA) and Memorandum of Understanding (MoUs) with Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange, Dubai Gold & Commodity Exchange, Dalian Commodity Exchange, Iran Mercantile Exchange and Belarusian Universal Commodity Exchange.

# PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE LIMITED (PMEX)

Head Office
3B, 3rd Floor, Bahria Complex IV,
Ch.Khalique-uz-Zaman Road Gizri,
Karachi-75600, Pakistan.

Islamabad Office
Office No. G-9 (B), ISE Towers,
Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad, Pakistan.

Lahore Office
Office # 01, P2 Floor, Ali Tower,
105-B2, M.M Alam Road, Gulberg 3,
Lahore, Pakistan.

Karachi: +92-21-111-623-623,
Islamabad: +92-311-2796059,
Lahore: +92-311-2796018,
FAX: +92-21-35155022

**Disclaimer**

This newsletter is for information purpose only and does not constitute an offer or solicitation to make an investment in Commodity Futures Contracts which carries risk. Any views, expressions or opinions expressed in this document are solely for providing information to readers.

Publication of the Marketing Dept. of PMEX
Design Agency: Conte'
Printer: Appletree Graphics

# CONTENT


01 Message from the Desk of Managing Director

02 PMEX Signs MoU with Dalian Commodity Exchange

03 PMEX Offers Meta Trader 5

04 PMEX completes Pilot Phase of Electronic Commodity Murabaha Transactions

05 PMEX Participates at Executive Development Program on Islamic Banking & Takaful

06 PMEX at 21st Annual Conference of AFM

07 PMEX Campus Recruitment Drive 2018

08 Corporate Social Responsibility

09 Top Ten Brokers

10 Circulars

11 PMEX Highlights

12 Price Trend of Commodities

# MESSAGE FROM THE DESK OF MANAGING DIRECTOR

Welcome to a new year with the first issue of PULSE 2018.

I am delighted to inform you that 2017 has been an exceptional year in the history of Pakistan Mercantile Exchange Limited (PMEX) as the Exchange made unprecedented progress on almost all fronts. Not only the Exchange reached an important landmark of completing ten years of operations, it also introduced a Shariah compliant platform for electronic Murabaha transactions this year. This is a revolutionary and landmark achievement that has the potential to bring Islamic banks at par with their conventional counterparts in terms of managing excess liquidity in a convenient, transparent and Shariah-compliant manner.

To increase the market depth and to create new opportunities for the market participants, the Exchange successfully diversified its product suite by introducing a variety of cash settled as well as physically deliverable contracts of new commodities in different denominations. Similarly, the Exchange expanded its member base especially in the northern region and welcomed several new members on board during the year. The Exchange also conducted various activities to create awareness about the benefits of trading at its regulated trading platform so that more potential investors could benefit from the opportunities being offered at the Exchange.

On the internal front, to keep itself up to speed in the rapidly changing technology, PMEX has initiated a technology overhaul program. A state-of-the-art front end application namely Meta Trader 5 was passed on to the brokers and their clients without any additional cost thereby providing a faster and efficient trading experience to the market participants in line with global standards. The Exchange also successfully migrated its core technology architecture to cloud computing to have a more resilient technology setup. To better protect the Exchange and market participants, an enterprise wide risk management framework was also implemented last year.

The Exchange also took other initiatives such as initiating work on creating a mechanism to showcase local commodities to global buyers enabling them to purchase and have the commodity delivered at their doorstep with utmost convenience. The second phase of this initiative would focus towards cross listing of commodities with the exchanges of neighbouring countries. The Exchange is confident that these initiatives would go a long way in achieving its goal of creating a robust, transparent and efficient trading platform for the local agricultural commodities of the country.

I would like to acknowledge the invaluable support and guidance of PMEX Board of Directors, Securities & Exchange Commission of Pakistan and continued trust of market participants in the Exchange. I would also like to express my heartfelt appreciation to the entire team of PMEX for their hard work and dedication.



As we set our sail for 2018, we will continue to raise the bar of our business performance. I am confident that our plans will open new vistas for the Exchange, our brokers and clients alike.

Thank you and Happy Reading!

Ejaz Ali Shah
Managing Director

# PMEX SIGNS MoU WITH DALIAN COMMODITY EXCHANGE

PMEX signed a Memorandum of Understanding (MoU) with Dalian Commodity Exchange (DCE), China at its Head Office in Karachi on March 02, 2018. A seven member delegation of DCE led by their Chairman visited PMEX for the signing ceremony. The objective of MoU is to seek cooperation in broader fields with emphasis on collaborations including market development, business cooperation and experience sharing, etc.

In the past, MoU's have been signed with four exchanges namely; Borsa Istanbul, Izmir Commodity Exchange (ICE), Dubai Gold & Commodities Exchange (DGCX) and Iran Mercantile Exchange (IME).

Commenting on the occasion of MoU signing, Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director of PMEX, said, "The Exchange is pleased to sign the MoU with DCE. Pakistan-China bilateral ties are time tested and are expected to further consolidate with the commencement of work on China Pakistan Economic Corridor (CEPC), which is expected to be a game changer for the region and beyond. PMEX strongly believes that the enhancement of transportation linkages and the development of other related infrastructure under the CPEC will pave the way for enhanced trade between the two countries. Signing of this MoU lays the foundation for future cooperation between both the Exchanges paving the way to facilitate trade between the neighbouring counties."



Mr. Li Zhengqiang, Chairman of DCE, speaking on the occasion said, "DCE has always attached high importance to international cooperation with foreign exchanges. As the 'One Belt and One Road' initiative progresses over the years, the all-weather strategic partnership between China and Pakistan has continued to deepen, with new achievements continuously made. PMEX offers a diverse range of domestic and international

> "Signing of this MoU lays the foundation for future cooperation between both the Exchanges paving the way to facilitate trade between the neighbouring countries."

commodities and financial futures. The signing of this MoU will facilitate both sides to explore more opportunities for business cooperation as well as create new channels for long-term cooperation. It will benefit the development of the financial markets of both the countries, extend support to 'One Belt - One Road' initiative and DCE's internationalization strategy."

# PMEX OFFERS META TRADER 5

PMEX started Meta Trader 5 (MT5) facility for all its market participants from February 26, 2018 thereby enabling them to benefit from advanced features of Meta Trader 5 and offer efficient trading and investment facilities to their clients.

The cutting-edge functionality of the popular platform is now available to Pakistani traders, including the most powerful automated trading possibilities through the desktop application, mobile applications for iOS and Android devices and the full-featured web platform.

Upon the commencement of this facility, Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director of PMEX, said, "PMEX is proud to announce the availability of MT5 for all its Market Participants. The offering of MT5 by the Exchange is in line with the technology overhaul strategy of the Exchange. The Exchange has always remained proactive in identifying and exploring ways for improving its existing technology infrastructure for its members and clients so that they can enjoy an enriched trading experience."

"In early 2015, we announced the Meta Trader 5 integration with PMEX and a month later one of Pakistani brokers started offering the new platform to its clients," said Renat Fatkhullin, CEO of MetaQuotes Software. "Now, after three years, PMEX completely switches to our software. This is definitely a beneficial step for all members of the Exchange. Operating on Meta Trader 5, PMEX will be able to smoothly connect institutional clients while brokers will be able to provide their traders fast and reliable access to the Exchange. As for traders, they will certainly appreciate the comfort of trading through the advanced ecosystem of the fifth generation platform. Our wish is for other exchanges to follow the example of PMEX".

> "The Exchange has always remained proactive in identifying and exploring ways for improving its existing technology infrastructure so our members & clients can have an enriched trading experience."

# PMEX COMPLETES PILOT PHASE OF ELECTRONIC COMMODITY MURABAHA TRANSACTIONS

The pilot phase of PMEX Shariah Compliant Trading Platform (SCTP) ended on March 31, 2018. After getting necessary approvals from State Bank of Pakistan (SBP) and Securities & Exchange commission of Pakistan (SECP), the Exchange made SCTP available to the market participants on December 22, 2017 to execute Electronic Commodity Murabaha transactions.

This landmark achievement has become possible with the support of all relevant stakeholders i.e. Regulators (both SECP and SBP), financial industry players, Shariah Scholars and private sector institutions.

## *Salient Features of the PMEX Murabaha*

- Underlying Commodity is High Speed Diesel (HSD)
- Highly liquid – large quantities available
- Existence of commodity at the time of sale and no short selling allowed
- Transaction is in true spirit of sale with the option to take physical delivery
- Regulated Shariah Complaint Trading Platform
- Price & product reliability
- Market is open to all types of participants such as banks, corporates, OMCs, brokers, government, etc.

| *Trading statistics* | |
|---|---|
| Commodity traded | High Speed Diesel (HSD) |
| Total value traded in PKR | 413,404,164 |
| Volume traded in Liters/Lots | 4,395,043 |
| Number of Murabaha Transactions | 7 |
| No. of Banks Participated | 5 |
| No. of Corporates | 2 |
| No. of OMCs | 1 |
| No. of PMEX participating brokers | 4 |

| *Participants* |
|---|
| Meezan Bank Limited |
| Bank Alfalah Limited |
| BankIslami Pakistan Limited |
| Dubai Islamic Bank Pakistan Limited |
| Albaraka Bank Limited |
| Agven (Pvt.) Limited |
| First Al-Noor Modaraba |
| Hascol Petroleum Limited |

PMEX has been encouraged by the keen interest and enthusiasm shown by the IFIs on the SCTP during the pilot phase and is confident that in coming times this landmark initiative would strengthen the Islamic financial sector and eventually provide the ground for Islamic banking industry to flourish.

# PMEX PARTICIPATES AT EXECUTIVE DEVELOPMENT PROGRAM ON ISLAMIC BANKING & TAKAFUL

PMEX participated in Executive Development Program on Islamic Banking & Takaful, jointly organized by Centre for Islamic Economics (CIE) and IBA-Center for Excellence in Islamic Finance (CEIF) at Serena Hotel Islamabad on February 24, 2018.

Mr. Hasan Mehmood, Head of Marketing & Business Development, represented PMEX at the event and delivered a comprehensive presentation on Electronic Commodity Murabaha transactions at PMEX Shariah Compliant Trading Platform (SCTP).



# PMEX AT $21^{ST}$ ANNUAL CONFERENCE OF AFM

PMEX participated in the 21st Annual Conference of the Association of Futures Markets (AFM) held in Bangkok, Thailand on January 25-26, 2018. The event was hosted by Thailand Futures Exchange.

The Conference brought together clearing houses, exchanges, regulators and other stakeholders from around the world to discuss the key market trends and business issues. The two-day conference featured panel discussions on regional collaboration, challenge from technology disruption, commodity product development, quality investor base expansion, and product and investment innovation.

Mr. Ejaz Ali Shah, Managing Director along with Syed Mumtaz Ali, Chief Regulatory Officer represented the Exchange at the event. The conference provided PMEX a platform for active and engaging discussions. In addition, the event provided an opportunity to the Exchange to establish new partnerships and consolidate existing relationships with AFM members, partner organizations and market participants from AFM region.

PMEX joined the AFM as an Associate Member in March 2012 and was granted full member status in February 2014. As a full member, PMEX plays a proactive role in the formation of policies of the Association and represent Pakistan on its various bodies.



# PMEX CAMPUS RECRUITMENT DRIVE 2018

In an effort to build a diverse workforce, PMEX is always working towards attracting and identifying the right talent. The Exchange offers opportunity to work alongside inspiring people in a culture that values merit, candour, respect, integrity, transparency and innovation.




In this regard, PMEX kicked off recruitment campaign for 2018 with the campus drive at NED University, Iqra University, Sir Syed University for Engineering & Technology (SSUET), Shaheed Zulfikar Ali Bhutto Institute of Science & Technology (SZABIST), National University of Computer & Emerging Sciences (FAST) and Institute of Chartered Accountants of Pakistan (ICAP) during the first quarter 2018 (Jan-Mar). The campus drive focused on offering graduates an opportunity to shape their future and accelerate their personal and professional growth at Pakistan's first and only multi-commodity exchange. Ms. Faiza Hussain, Head of Human Resource at PMEX conducted the engaging and interactive sessions, introduced the Exchange, its core functions and explained the recruitment process to the students and faculty members. These sessions were followed by Q&A session and personal interviews.



# CORPORATE SOCIAL RESPONSIBILITY

PMEX and its employees believe in contributing to the community in which they operate. As a socially responsible organization, PMEX actively participates in the activities which are focused at bringing a meaningful change in the society.

In this spirit, PMEX employees once again participated in the new cycle of Rahbar, a structured seven weeks mentorship program of The Citizens Foundation (TCF) aimed at developing youth as responsible individuals and productive members of the society.

"Seven Saturdays in Rahbar was a great experience of life for me personally. I came to know many other men and women like me from a similar background who wish to change the society by bringing a positive change in youngsters living in underdeveloped areas. I also realized the desire of those low income parents of youngsters who want their kids to be educated and responsible future citizens of Pakistan. I feel proud being part of TCF, connecting with the school staff and the students. It was a very enriching experience in every respect. I wish to continue participating in such activities in future as well."

Farhan Tahir
CFO & Company Secretary



***"Goodness is the only investment that never fails.*** Henry David Thoreau. I was introduced to The Citizens Foundation Rahbar Program in 2014 at ICAP during a Women's Day celebration and I was instantly inspired by the idea of mentoring school going children of grade VIII. By spending time with children for 7 Saturdays, I learnt how to be more passionate about my work and life. You never know what, when, and how your actions would impact the thought process or way of living of those children. I was fortunate to work amongst great team mates where everyone fully participated in the Orientation program of Rahbar held at PMEX. About 8-10 team mates participated in the Winter Rahbar Cycle and some signed up for next session. I would highly recommend everyone to do this once to realize that if you amend your thoughts in the right manner, you are destined for a happy and good life."

Faiza Hussain
Head of HR



# TOP TEN BROKERS

## *January - March, 2018*

Total Contracts Traded: 1,023,043 | Total Rupee Value Traded: 386.226 billion | Number of Active Brokers: 57

| *Ranking* | *Based on Traded Contracts* | *Based on Traded Value* |
|---|---|---|
| 1 | H.G Markets (Pvt.) Limited | H.G Markets (Pvt.) Limited |
| 2 | Enrichers (Pvt.) Limited | Arsh Commodities (Pvt.) Limited |
| 3 | JS Global Capital Limited | Enrichers (Pvt.) Limited |
| 4 | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited | Arif Habib Commodities (Pvt.) Limited |
| 5 | BIPL Securities Limited | JS Global Capital Limited |
| 6 | Jahanzaib Commodities (Pvt.) Limited | Blink Capital Management (Pvt.) Limited |
| 7 | WE Commodities (Pvt.) Limited | BIPL Securities Limited |
| 8 | Blink Capital Management (Pvt.) Limited | Jahanzaib Commodities (Pvt.) Limited |
| 9 | Askari Securities Limited | IGI Finex Securities Limited |
| 10 | Arsh Commodities (Pvt.) Limited | Abbasi & Co. (Pvt.) Limited |

# CIRCULARS

***February 23, 2018***
All the market participants were informed that w.e.f. Monday February 26, 2018 the Exchange would make available Meta Trader 5 (MT5), globally acclaimed and popular trading software, as an alternate front-end along with NEXT.

***March 01, 2018***
All members were informed that the Exchange has made changes in the schedule of charges.


***March 02, 2018***
All Brokers were informed that the Exchange would start deduction of the tariff related to CGT services from March 07, 2018.

***March 02, 2018***
All market participants were informed that in order to facilitate them, the Exchange has waived off the Transaction Charges for Shariah Compliant Trading Platform (SCTP) during for the pilot period from November 15, 2017 to March 31, 2018.

***March 19, 2018***
All market participants were informed that in exercise of the powers conferred by sub-section (2) of section 1 of the Futures Market Act, 2016 ("the Act"), the Federal Government of Pakistan, vide Notification S.R.O. 1199 (1)/2017 dated November 15, 2017, had notified the commencement of Part IV (Regulated Activities) of the Act with effect from November 15, 2017.


# PMEX HIGHLIGHTS

## PMEX VOLUME COMPARISON WITH STOCK EXCHANGE





## VOLUMES OF 8 MAJOR COMMODITIES


in PKR Billion





## TRADED VOLUME




## DEMO TRADING ACCOUNTS





## NEW UINs



# PRICE TREND OF COMMODITIES


## GOLD





## SILVER





## COPPER





## PLATINUM





## WTI CRUDE OIL





## BRENT CRUDE OIL





## NATURAL GAS





## DJ





## SP500





## NSDQ100





## INTERNATIONAL COTTON





## USD/JPY





## EUR/USD




## AUD/USD





## GBP/USD





## USD/CAD





## USD/CHF





## EURGBP





## EURJPY





## GBPJPY





## CHFJPY





## EURCAD





## AUDJPY





## EURCHF





## EURAUD




## GBPCHF




## AUDCAD



PAKISTAN MERCANTILE EXCHANGE

PMEX

YOUR FUTURES EXCHANGE,
THE EXCHANGE OF THE FUTURE

# پلس

## نیوزلیٹر

شمارہ 18، جنوری۔مارچ 2018

پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) پاکستان کا پہلا اور واحد ملٹی کموڈٹی فیوچرز ایکسچینج ہے جسے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے لائسنس جاری کیا ہے اور وہی اس کو ریگولیٹ کرتا ہے۔ اس کے شیر ہولڈرز میں نیشنل بنک آف پاکستان (این بی پی)، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایس ایکس)، آئی ایس ای ٹاورز ریٹ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ، ایل ایس ای فنانشل سروسز لمیٹڈ، پاک برونائی انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ اور پاک کویت انوسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ شامل ہیں۔ ایکسچینج متنوع مقامی اور انٹرنیشنل کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز ٹریڈنگ کے لئے پیش کرتا ہے۔ اسٹیٹ آف دی آرٹ ٹیکنالوجی پر مشتمل ایک انتہائی جدید انفرااسٹرکچر کے ذریعے مکمل سہولیات ایک ہی چھت کے نیچے فراہم کی جاتی ہیں جس میں ٹریڈنگ، کلیرنگ اینڈ سیٹلمنٹ، کسٹوڈی اور بیک آفس شامل ہیں۔ پی ایم ای ایکس مختلف بین الاقوامی ایسوسی ایشنز سے وابستہ ہے جس میں ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹ (اے ایف ایم)، فیوچرز انڈسٹری ایسوسی ایشن (ایف آئی اے)، بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج، دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹی ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس) ڈالین کموڈٹی ایکسچینج، ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) اور بیلا روژین یونیورسل کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی معاہدے بھی کر چکا ہے۔

## اہم وضاحت

اس نیوز لیٹر میں فراہم کی جانے والی معلومات کا بنیادی مقصد قارئین میں آگاہی پیدا کرنا ہے۔ نہ تو یہ کسی قسم کی پیش کش ہے نہ ہی اس کا مقصد انکو کموڈٹی فیوچرز میں سرمایہ کاری کی ترغیب دیتا ہے جو خطرہ سے مبرا نہیں۔ اس میں بیان کردہ خیالات، اظہار یا رائے کا مقصد پڑھنے والوں کو صرف معلومات فراہم کرنا ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مارکیٹنگ ڈیپارٹمنٹ کی پبلیکیشن
ڈیزائن ایجنسی: کونتے، پرنٹر: ایپل ٹری گرافکس

# پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس)

**ہیڈ آفس**
3-B، تھرڈ فلور، بحریہ کمپلیکس IV، چوہدری خلیق الزماں روڈ
گزری، کراچی، 75600، پاکستان

**لاہور آفس**
آفس نمبر 01، P2 فلور، علی ٹاور
B2-105، ایم-ایم عالم روڈ، گلبرگ 3، لاہور، پاکستان

**اسلام آباد آفس**
آفس نمبر جی-۹ (بی)، آئی ایس ای ٹاور، جناح ایونیو
بلو ایریا، اسلام آباد، پاکستان

کراچی: 623-623-111-21-92+
اسلام آباد: 2796059-311-92+
لاہور: 2796018-311-92+
فیکس: 35155022-21-92+

# مندرجات


۱ مینیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام

۲ ڈالین کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط

۳ پی ایم ای ایکس کی جانب سے میٹا ٹریڈر 5 کی پیش کش

۴ پی ایم ای ایکس میں الیکٹرانک کموڈٹی مرابحہ ٹرانزیکشن کے پائلٹ فیز کی تکمیل

۵ پی ایم ای ایکس کی اسلامک بینکنگ اور تکافل پروگرام میں شرکت

۶ پی ایم ای ایکس کی اے ایف ایم کی 21 ویں کانفرنس میں شرکت

۷ پی ایم ای ایکس کی یونیورسٹیز میں ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کے پروگرامز میں شرکت

۸ کارپوریٹ سوشل ذمہ داری

۹ دس سرفہرست بروکرز

۱۰ سرکلرز

۱۱ پی ایم ای ایکس کی شہ سرخیاں

۱۲ اشیاء کی قیمتوں کا رجحان

# منیجنگ ڈائریکٹر کا پیغام



سال 2018 کے پلس کے پہلے شمارے میں خوش آمدید!

مجھے آپ کو یہ بتاتے ہوئے خوشی ہورہی ہے کہ 2017 پاکستان مرکنٹائل ایکسچینج لمیٹڈ (پی ایم ای ایکس) کی تاریخ کا ایک منفرد سال ہے جس کے دوران ایکسچینج نے ہرایک شعبہ میں غیر معمولی ترقی کی۔ نہ صرف ایکسچینج نے اپنے آپریشن کی ایک دہائی مکمل کرلی بلکہ الیکٹرانک مرابحہ ٹرانزیکشن کیلئے شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم بھی متعارف کرایا۔ یہ قدم ایک انقلابی اور سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جو اسلامی بینکوں کو روایتی بینکوں کا ہم پلہ بنا سکتا ہے اور ان اداروں کو اپنی لیکویڈیٹی ایک سہل، شفاف اور شریعہ کمپلائنٹ طریقہ سے استعمال کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

مارکیٹ کو وسعت دینے اور شرکاء کو نئے مواقع فراہم کرنے کیلئے ایکسچینج نے کامیابی کے ساتھ اپنے پراڈکٹ پورٹ فولیو کو وسعت دی ہے۔ نئی پراڈکٹس کے کیش سیٹلڈ اور فزیکلی ڈیلوراایبل کنٹریکس مختلف مالیت میں متعارف کرائے۔ اسی طرح ایکسچینج نے اپنے ممبرز کی تعداد میں اضافہ کیا اور شمالی علاقوں کی طرف خصوصی توجہ دی۔ کئی نئے ممبرز کو شمولیت پر خوش آمدید کہا۔ ایکسچینج نے آگاہی بڑھانے کیلئے مختلف پروگرامز کا انعقاد کیا جن میں ایک ریگولیٹڈ ٹریڈنگ پلیٹ فارم پر ٹریڈنگ کے فوائد کے بارے میں آگاہ کیا گیا تاکہ ممکنہ انویسٹرز ایکسچینج کی جانب سے پیش کئے جانے والے مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔

خود کو تیزی سے بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ رکھنے کیلئے پی ایم ای ایکس نے اپنے زیر استعمال ٹیکنالوجی کو جدید تر بنانے کیلئے کام شروع کیا۔ ایک جدید ترین پروگرام جو میٹا ٹریڈر 5 کے نام سے جانا جاتا ہے اس سے بروکرز کو روشناس کیا تاکہ وہ اپنے کلائنٹس کو بغیر کسی اضافی خرچہ کے ایک تیز تر اور زیادہ مؤثر ٹریڈنگ کے تجربہ سے فائدہ پہنچاسکیں جو بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، ایکسچینج نے اپنے بنیادی ٹیکنالوجی ڈھانچہ کو کامیابی کے ساتھ کلاوڈ کمپیوٹنگ پر منتقل کردیا۔ جو ایک زیادہ مؤثر ٹیکنالوجی پر مشتمل ہے۔ ایکسچینج اور مارکیٹ کے شرکاء کو خطرات سے بہتر طور پر محفوظ رکھنے کیلئے اس سال ایک انٹرپرائز رسک مینجمنٹ فریم ورک متعارف کرایا۔

ایکسچینج نے مختلف نئے اقدامات اٹھائے اس میں ایک ایسے نظام کا تعارف ہے جس کے ذریعے ملک میں پیدا ہونے والی کموڈٹیز کو بین الاقوامی خریداروں کو پیش کرنا ہے تاکہ وہ ان کی براہ راست خریداری کرسکیں اور ان اشیاء کو سہل ترین طریقہ سے خریداروں کے دروازہ تک پہنچایا جاسکے۔ اس کے دوسرے مرحلہ میں پڑوسی ممالک کے کموڈٹی ایکسچینجز پر ان کموڈٹیز کی کراس لسٹنگ کی جائے گی۔ ایکسچینج کو یقین ہے کہ ان شروعات سے دوررس نتائج حاصل ہوں گے۔ جس میں ایک مستحکم، شفاف اور مؤثر ٹریڈنگ پلیٹ فارم کا قیام شامل ہے جہاں مقامی طور پر پیدا ہونے والے زرعی مصنوعات کے ٹریڈنگ کا ہدف حاصل کیا جاسکے گا۔

میں پی ایم ای ایکس کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور مارکیٹ کے شرکاء کی بھرپور مدد اور مسلسل رہنمائی کا شکرگزار ہوں۔ میں دل کی گہرائی سے پی ایم ای ایکس کی مکمل ٹیم کی بھرپور محنت اور لگن کی پذیرائی بھی کرتا ہوں۔

ہم 2018 کے دوران اپنے کاروباری ہدف کے معیار کو زیادہ بہتر بنانے کی کوشش جاری رکھیں گے۔ مجھے یقین ہے کہ ہمارے منصوبے ایکسچینج، بروکرز اور کلائنٹس کیلئے یکساں طور پر نئی راہیں کھولیں گے۔

شکریہ

اعجاز علی شاہ

منیجنگ ڈائریکٹر

# ڈالین کموڈٹی ایکسچینج کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط

پی ایم ای ایکس نے 02 مارچ 2018 کو اپنے دفتر میں چین کے ڈالین کموڈٹی ایکسچینج (ڈی سی ای) کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیئے۔ اس سلسلہ میں ڈی سی ای کے سات افراد پر مشتمل ایک وفد نے پی ایم ای ایکس کا دورہ کیا جس کی قیادت کمپنی کے چیرمین کر رہے تھے۔ اس مفاہمتی یادداشت کا مقصد دونوں ایکسچینجز کے درمیان وسیع بنیادوں پر باہمی تعاون حاصل کرنا ہے جس میں مارکیٹ کی نشوونما، کاروبار میں تعاون اور ایک دوسرے کے تجربے سے فائدہ اٹھانا شامل ہیں۔

ماضی میں پی ایم ای ایکس ایسی چار مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کر چکا ہے۔ ان میں بورسا استنبول، ازمیر کموڈٹی ایکسچینج (آئی سی ای) دبئی گولڈ اینڈ کموڈٹیز ایکسچینج (ڈی جی سی ایکس) اور ایران مرکنٹائل ایکسچینج (آئی ایم ای) شامل ہیں۔

مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے کہا، "ایکسچینج کیلئے ڈی سی ای کے ساتھ معاہدے پر دستخط خوشی کا موقع ہے۔ پاکستان۔ چین کے دوطرفہ تعلقات دیرینہ ہیں اور چائنا پاکستان اکنامک کوریڈور (سی پی ای سی) پر کام شروع ہونے کے بعد مزید مستحکم ہوں گے۔ یہ منصوبہ اس ریجن اور اس سے آگے کے علاقے کی قسمت بدل دے گا۔ پی ایم ای ایکس کو پختہ یقین ہے کہ ذرائع آمدورفت کے رابطوں اور اس سے وابستہ دیگر انفرااسٹرکچر کی ترقی کے کام جو سی پی ای سی کے تحت کیئے جا رہے ہیں دونوں ممالک کے درمیان تجارت بڑھانے کی راہ ہموار کریں گے۔ یہ معاہدہ دونوں ممالک کے درمیان ہونے والے آئندہ تعاون کی بنیاد ڈالے گا اور دیگر پڑوسی ممالک کے درمیان تجارت بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔"

ڈی سی ای کے چیئر مین لی زینگ گنگ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا۔ "ڈی سی ای نے ہمیشہ بین الاقوامی تعاون بڑھانے کیلئے غیرملکی ایکسچینجز کو اہمیت دی ہے۔ جس طریقہ سے ون بیلٹ ون روڈ کے منصوبے پر آئندہ دنوں میں کام ہوگا وہ چین اور پاکستان کے درمیان دیرینہ اور مضبوط مراسم کو مزید تقویت دے گا۔

"اس یادداشت پر دستخط دونوں ایکسچینجز کو سہولت فراہم کریں گے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ کاروباری تعاون کے نئے امکانات کی جستجو کریں اور اس کے ساتھ طویل المدت مفاہمت کیلئے نئی راہیں تلاش کریں۔ اس سے دونوں ممالک میں موجود فنانشل مارکیٹس کی نشوونما کو فائدہ پہنچے گا۔"

پی ایم ای ایکس مقامی اور بین الاقوامی کموڈٹیز اور فنانشل فیوچرز کا ایک متنوع مجموعہ پیش کرتا ہے" ون بیلٹ۔ ون روڈ کے منصوبے اور ڈی سی ای کو اپنی اسٹراٹیجی کو دنیا میں پھیلانے میں مدد ملے گی۔"



# پی ایم ای ایکس کی جانب سے میٹا ٹریڈر5 کی پیش کش

پی ایم ای ایکس نے اپنے تمام مارکیٹ کے شرکاء کو 26 فروری 2018 سے میٹا ٹریڈر 5 کی سہولت فراہم کرنا شروع کردی ہے تاکہ وہ اس کی جدید ترین خصوصیات اپنے کسٹمرز کو ٹریڈنگ اور سرمایہ کاری کیلئے مہیا کرسکیں۔

اب اس مقبول پلیٹ فارم کی جدید ترین سہولیات پاکستانی ٹریڈرز کو فراہم کی گئی ہیں اس میں انتہائی طاقتور اور خودکار ٹریڈنگ شامل ہے۔ جو ڈیسک ٹاپ ایپلیکیشن، موبائل ایپلیکیشنز (آئی او ایس اور اینڈرائیڈ) اور فل فیچرڈ ویب پلیٹ فارم پر استعمال کی جاسکتی ہے۔

پی ایم ای ایکس کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ نے اس موقع پر کہا، "پی ایم ای ایکس کو فخر ہے کہ اس نے ایم ٹی 5 کی سہولت تمام مارکیٹ کے شرکاء کو فراہم کردی ہے۔ ایم ٹی 5 کی فراہمی ایکسچینج کی اس پالیسی کے مطابق ہے جس کے تحت ٹیکنالوجی کو جدید تر بنایا جا رہا ہے۔ ایکسچینج اپنے ٹیکنالوجی انفرااسٹرکچر کو بہتر بنانے کیلئے طریقوں کی نشاندہی اور تلاش میں فعال رہتا ہے تاکہ اس کے ممبرز اور کلائنٹس کے ٹریڈنگ کے تجربہ کو خوشگوار اور بھرپور بنایا جاسکے۔"

"2015 کے اوائل میں ہم نے میٹا ٹریڈر 5 کو پی ایم ای ایکس کے نظام کے ساتھ مربوط بنانے کا اعلان کیا اور ایک ماہ کے بعد ہی ایک پاکستانی بروکر نے اپنے کلائنٹس کو اس نئے پلیٹ فارم کو استعمال کرنے کی پیش کش کردی"، اس کا اظہار فیکولن، سی ای او میٹا کوٹس سافٹ ویئر نے کیا۔" اب تین سال بعد پی ایم ای ایکس ہمارے تیار کردہ سافٹ ویئر پر مکمل طور پر منتقل ہو چکا ہے۔ یہ قدم ایکسچینج کے ممبرز کیلئے سودمند ہے۔

جہاں تک ٹریڈرز کا تعلق ہے وہ ایک ایسے جدید نظام سے لطف اندوز ہوسکیں گے جس کو پانچویں نسل کا پلیٹ فارم کہا جاسکتا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ دیگر ایکسچینجز بھی پی ایم ای ایکس کی پیروی کریں۔"

"میٹا ٹریڈر 5 کو استعمال کرتے ہوئے پی ایم ای ایکس اس قابل ہوگا کہ اپنے کارپوریٹ کلائنٹس کے ساتھ بہتر طور پر رابطہ کرسکے جبکہ بروکرز اس قابل ہوسکیں گے کہ اپنے ٹریڈرز کو تیز اور قابل اعتماد طریقہ سے ایکسچینج تک رسائی فراہم کرسکیں۔"

# پی ایم ای ایکس میں الیکٹرانک کموڈٹی مرابحہ ٹرانزیکشن کے پائلٹ فیز کی تکمیل

پی ایم ای ایکس کے شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم (ایس سی ٹی پی) پراجیکٹ کا پائلٹ فیز 31 مارچ 2018 کو مکمل ہوگیا۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) سے مطلوبہ منظوری حاصل کرنے کے بعد ایکسچینج نے اپنا شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم مارکیٹ کے شرکاء کو الیکٹرانک کموڈٹی مرابحہ کی ٹرانزیکشن کیلئے 22 دسمبر 2017 کو پیش کیا تھا۔

اس سنگ میل کو عبور کرنے میں تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز مثلاً ریگولیٹرز (ایس ای سی پی اور ایس بی پی)، فنانشل انڈسٹری کے پلیئرز، شریعہ اسکالرز اور نجی شعبہ کے اداروں کی مدد شامل ہے۔

## پی ایم ای ایکس مرابحہ کی اہم خصوصیات

- اس کی بنیادی پراڈکٹ ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) ہے
- ہائی لکویڈ ۔ بڑی مقدار دستیاب ہے
- فروخت کے وقت کموڈٹی موجود ہے اس میں شارٹ سیلنگ کی اجازت نہیں
- یہ لین دین حقیقی معنوں میں فروخت ہے جس میں فزیکل ڈیلیوری حاصل کرنے کا اختیار ہے
- یہ ایک ریگولیٹڈ شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم ہے
- پراڈکٹ اور اس کی قیمت قابل بھروسہ ہے
- مارکیٹ تمام قسم کے شرکاء کیلئے موجود ہے مثلاً بینکس، ادارے، آئل مارکیٹنگ کمپنیز، بروکرز، حکومتی ادارے وغیرہ

| ٹریڈنگ کے شماریات | |
|---|---|
| ٹریڈ ہونے والی کموڈٹی | ہائی اسپیڈ ڈیزل (ایچ ایس ڈی) |
| ٹریڈنگ کی مجموعی مالیت (روپے) | 413,404,164 |
| ٹریڈنگ کا حجم (لیٹرز/لاٹس) | 4,395,043 |
| مرابحہ ٹرانزیکشن کی تعداد | 7 |
| شرکاء بینکس کی تعداد | 5 |
| اداروں کی تعداد | 2 |
| او ایم سی کی تعداد | 1 |
| پی ایم ای ایکس کے شرکاء بروکرز کی تعداد | 4 |

| شرکاء |
|---|
| میزان بینک لمیٹڈ |
| بینک الفلاح لمیٹڈ |
| بینک اسلامی پاکستان لمیٹڈ |
| دبئی اسلامک بینک پاکستان لمیٹڈ |
| البرکہ بینک لمیٹڈ |
| ایجون (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| فرسٹ النور مضاربہ |
| حیسکول پیٹرولیم لمیٹڈ |

اس پائلٹ مرحلہ میں اسلامی مالی اداروں کی شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم میں گہری دلچسپی اور جوش وخروش سے پی ایم ای ایکس کی حوصلہ افزائی ہوئی ہے۔ ایکسچینج کو یقین ہے کہ آئندہ آنے والے دنوں میں یہ سنگ میل عبور کرنے سے اسلامک فنانشل سیکٹر مستحکم ہوگا اور اسلامک بینکنگ انڈسٹری کی نشونما کیلئے راہ ہموار ہوگی۔

# پی ایم ای ایکس کی اسلامک بینکنگ اور تکافل پروگرام میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے 24 فروری 2018 کو سرینا ہوٹل اسلام آباد میں اسلامک بینکنگ اور تکافل کے بارے میں ہونے والے ایگزیکٹو ڈیولپمنٹ پروگرام میں شرکت کی ۔ اس پروگرام کا انعقاد سینٹر فار اسلامک اکنامکس (سی آئی ای) اور آئی بی اے۔ سینٹر فار ایکسیلینس ان اسلامک فنانس (سی ای آئی ایف) نے باہمی اشتراک سے کیا تھا۔




پی ایم ای ایکس کے ہیڈ آف مارکیٹنگ اینڈ بزنس ڈیولپمنٹ حسن محمود نے اس پروگرام میں ایکسچینج کی نمائندگی کی ۔ انہوں نے الیکٹرانک کموڈٹی مرابحہ کی ٹرانزیکشن کیلئے قائم کیئے جانے والے شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم کے بارے میں ایک مفصل پریزنٹیشن دی۔

## پی ایم ای ایکس کی اے ایف ایم کی 21ویں کانفرنس میں شرکت

پی ایم ای ایکس نے ایسوسی ایشن آف فیوچرز مارکیٹس (اے ایف ایم) کی 21 ویں سالانہ کانفرنس میں شرکت کی جو تھائی لینڈ کے شہر بنکاک میں 25-26 جنوری 2018 کو منعقد کی گئی۔اس کانفرنس کی میزبانی تھائی لینڈ فیوچرز ایکسچینج نے کی۔

کانفرنس نے کلیئرنگ ہاؤسسز، ایکسچینجز، ریگولیٹرز اور دیگر شرکاء کو یک جا ہونے کا موقع فراہم کیا تاکہ وہ مارکیٹ میں ابھرنے والے رجحانات اور کاروبار کو درپیش مسائل کے بارے میں گفتگو کرسکیں۔ دو روزہ کانفرنس میں پینل ڈسکشنز کے ذریعے باہمی تعاون کے رجحانات اور ٹیکنالوجی کو درپیش رکاوٹوں کے بارے میں علاقائی سطح پر گفتگو، کموڈٹی مارکیٹ کی اعلیٰ معیار کی پراڈکٹس کی تیاری، سرمایہ کاروں کی تعداد میں اضافہ، پراڈکٹس اور سرمایہ کاری کے نئے رجحانات کے بارے میں گفتگو کی گئی۔

اس کانفرنس میں پی ایم ای ایکس کی نمائندگی ایکسچینج کے مینجنگ ڈائریکٹر اعجاز علی شاہ اور چیف ریگولیٹری آفیسر سید ممتاز علی نے کی۔ اس کانفرنس نے پی ایم ای ایکس کو ایک بھرپور اور باہم دلچسپی کے موضوعات پر گفتگو کیلئے پلیٹ فارم فراہم کیا۔

اس کے علاوہ اس کانفرنس نے پی ایم ای ایکس کو موقع فراہم کیا کہ اے ایف ایم ریجن میں کام کرنے والے ممبرز اور شریک اداروں کے ساتھ نئے تعلقات قائم کرے اور پہلے سے موجود تعلقات کو مستحکم کرے۔

پی ایم ای ایکس نے اے ایف ایم میں مارچ 2012 میں بطور ایسوسی ایٹ ممبر شمولیت اختیار کی اور اس کو فروری 2014 میں مکمل ممبر کا درجہ دے دیا گیا۔بطور ایک مکمل ممبر پی ایم ای ایکس ایسوسی ایشن میں پالیسی سازی میں بھرپور کردار ادا کرتا ہے اور اس کی مختلف کمیٹیوں میں پاکستان کی بطریق احسن نمائندگی کرتا ہے۔



## پی ایم ای ایکس کی یونیورسٹیز میں ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کے پروگرام میں شرکت

کام کرنے والوں کی ہمہ جہت ٹیم تیار کرنے کیلئے پی ایم ای ایکس صحیح ٹیلنٹ کی تلاش اور شناخت کیلئے مسلسل کوشاں ہے۔ ایکسچینج ملازمت فراہم کرنے کے ساتھ ایسا ماحول پیدا کرنا چاہتا ہے جہاں قابلیت کی قدر ہو، دوستانہ ماحول ہو، ایک دوسرے کی عزت ہو، دیانت داری ہو، شفافیت ہو اور جدت کو پسند کیا جائے۔




اس سلسلہ میں پی ایم ای ایکس نے ملازمتیں حاصل کرنے کی مہم 2018 کے تحت مختلف یونیورسٹیز میں پروگرامز میں شرکت کی۔ ان میں این ای ڈی یونیورسٹی، اقراء یونیورسٹی، سرسید یونیورسٹی برائے انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (ایس ایس یو ای ٹی)، شہید ذوالفقار علی بھٹو انسٹیٹیوٹ برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (ایس زیڈ اے بی آئی ایس ٹی)، نیشنل یونیورسٹی برائے کمپیوٹر اینڈ ایمرجنگ سائنسز (ایف اے ایس ٹی) اور انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس آف پاکستان (آئی سی اے پی) میں جنوری۔ مارچ 2018 سہ ماہی کے دوران شرکت کی۔ یونیورسٹیز میں اس قسم کے پروگرامز میں شمولیت کا مقصد تھا کہ طلباء اپنے مستقبل کے بارے میں فیصلہ کرسکیں کہ وہ پاکستان کے واحد اور ملٹی کموڈٹی ایکسچینج میں شمولیت اختیار کر کے کس طرح اپنی ذاتی اور پیشہ ورانہ نشونما کر سکتے ہیں۔



فائزہ حسین، ہیڈ آف ہیومن ریسورس نے باہمی دلچسپی اور دوطرفہ شراکت کے پورگرامز ترتیب دیئے۔ ایکسچینج کے بنیادی کاروبار اور ملازمت حاصل کرنے کے طریقہ کار کے بارے میں طلباء اور فیکلٹی ممبرز کو آگاہ کیا۔ان سیشنز کا اختتام سوال اور جواب پر ہوا۔مختلف یونیورسٹیز میں موقع پر ہی ملازمت کے خواہش مند طلباء کے انٹرویو بھی کیئے گئے۔

# کارپوریٹ سوشل ذمہ داری

پی ایم ای ایکس اور اس ادارے میں کام کرنے والے لوگ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ان کو اس کمیونٹی جس میں وہ کام کرتے ہیں اس کی بہتری کیلئے کام کرنا ہے ایک سوشلی ریسپانسیبل آرگنائزیشن کے بطور وہ ان کاموں میں بھرپور شرکت کرتے ہیں جس کے ذریعے معاشرے میں بامعنی تبدیلی لائی جاسکے۔

اس لگن کو زندہ رکھتے ہوئے پی ایم ای ایکس کے ملازمین نے ایک بار پھر رہبر سلسلہ کے پروگرام میں شرکت کی جس کا دورانیہ سات ہفتے تھا یہ مینٹورشپ پروگرام دی سٹیزن فاؤنڈیشن ترتیب دیتا ہے جس کا مقصد نئی نسل کی تربیت ہے تاکہ ان کو معاشرے کا ذمہ دار اور فعال فرد بنایا جاسکے۔



''سات ہفتوں پر مشتمل رہبر پروگرام میرے لیئے ذاتی طور پر ایک اہم تجربہ تھا۔ مجھے یہ معلوم ہوا کہ میری طرح دیگر مرد اور خواتین جن کا تعلق میرے جیسے ماحول سے ہے ان کم ترقی یافتہ علاقوں کے بچوں میں ایک مثبت تبدیلی لانا چاہتے ہیں تاکہ معاشرے کو بہتر بنایا جاسکے۔ مجھے ان بچوں کے والدین کی خواہش کا احساس ہوا جس کے ذریعے وہ اپنے بچوں کو تعلیم دے کر پاکستان کا ذمہ دار شہری بنانا چاہتے ہیں۔ مجھے ٹی سی ایف کا حصہ بننے پر فخر ہے جس کے ذریعے میرا اسکول کے بچوں اور اساتذہ کے ساتھ رابطہ قائم ہوا جو کہ ہر لحاظ سے ایک بھرپور تجربہ تھا۔ میں اس قسم کے آئندہ پروگرامز میں بھی شرکت کرنا چاہوں گا ''

فرحان طاھر

سی ایف او اور کمپنی سیکرٹری



''اچھائی وہ سرمایہ کاری ہے جو کبھی ناکام نہیں ہوتی'' یہ ہنری ڈیوڈ تھوریو کا قول ہے۔ میرا تعارف دی سٹیزن فاؤنڈیشن کے رہبر پروگرام کے ساتھ 2014 میں آئی سی اے پی کے ساتھ اس وقت ہوا جب خواتین کے دن کی تقریبات منائی جا رہی تھیں، مجھ میں فوری طور پر یہ خواہش پیدا ہوئی کہ آٹھویں جماعت کے طلباء کی رہنمائی کروں۔ ان بچوں کے سات ہفتے کے سات دن گزارنے کے بعد میں اس نتیجہ پر پہنچی کہ اپنے کام اور زندگی کے بارے میں کیسے لگن پیدا کی جاسکتی ہے۔ آپ نہیں جانتے کہ کیا، کب اور کیسے آپ کے عمل ان بچوں کی سوچ اور زندگی گزارنے کے طریقوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ مجھے یہ اعزاز حاصل ہے کہ پی ایم ای ایکس میں کام کرنے والے ان لوگوں کے ساتھ مل کر کام کا موقع ملا جنھوں نے رضا کارانہ طور پر اس میں شمولیت اختیار کی تھی۔ موسم سرما کے رہبر پروگرام میں پی ایم ای ایکس کے 8 سے 10 کارکنوں نے شرکت کی اور کچھ لوگوں نے مستقبل میں ہونے والے پروگرامز میں شمولیت کے لئے دستخط کیئے۔ میں بھرپور طریقہ سے لوگوں سے کہوں گی کہ اس پروگرام میں ایک بار شرکت کریں تاکہ ان کی سوچ میں مثبت تبدیلی آسکے اور وہ ایک اچھی اور خوشگوار زندگی گزار سکیں۔''

فائزہ حسین

ہیڈ آف ہیومن ریسورس

# دس سر فہرست بروکرز

## جنوری۔مارچ 2018

کل تجارتی معاہدے: **1,023,043** | کل تجارتی رقم: **386.226** بلین روپے | ایکٹیو بروکرز کی تعداد: **57**

| درجہ | تجارتی معاہدوں کی بنیاد پر | تجارتی مالیت کی بنیاد پر |
|---|---|---|
| ۱ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ | ایچ۔جی مارکیٹس (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۲ | این ریچز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | عرش کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۳ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ | این ریچز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۴ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | عارف حبیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۵ | بی آئی پی ایل سیکیوریٹیز لمیٹڈ | جے ایس گلوبل کیپٹل لمیٹڈ |
| ۶ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۷ | ڈبلیوای کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | بی آئی پی ایل سیکیوریٹیز لمیٹڈ |
| ۸ | بلنک کیپٹل مینجمنٹ (پرائیوٹ) لمیٹڈ | جہانزیب کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ |
| ۹ | عسکری سیکیوریٹیز لمیٹڈ | آئی جی آئی فائنیکس سیکیوریٹیز لمیٹڈ |
| ۱۰ | عرش کموڈٹیز (پرائیوٹ) لمیٹڈ | عباسی اینڈ کو (پرائیوٹ) لمیٹڈ |

# سرکلرز

23 فروری 2018

تمام مارکیٹ کے شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے 26 فروری 2018 بروز پیر سے میٹاٹریڈر5 (ایم ٹی5) فراہم کردیا ہے۔ یہ دنیا بھر میں جانا پہچانا اور مقبول ٹریڈنگ سافٹ ویئر ہے جو ایک متبادل کے طور پر نیکسٹ جو ایک فرنٹ اینڈ پروگرام ہے اس کے ساتھ فراہم کیا گیا ہے۔

01مارچ 2018

تمام ممبرز کو آگاہ کیا گیا کہ ایکسچینج نے اپنے چارجز کے شیڈول میں تبدیلی کردی ہے۔

02مارچ 2018

تمام بروکرز کو آگاہ کیا گیا کہ 07مارچ 2018 سے ایکسچینج سی جی ٹی سروسز سے متعلق ٹیرف کی کٹوتی شروع کردے گا۔

02مارچ 2018

مارکیٹ کے تمام شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ ان کی سہولت کیلئے ایکسچینج نے پائلٹ فیز میں جو 15 نومبر 2017 سے 31 مارچ 2018 تک ہے شریعہ کمپلائنٹ ٹریڈنگ پلیٹ فارم (ایس سی ٹی پی) پر عائد ٹرانزیکشن چارجز ختم کردیے ہیں۔

19مارچ 2018

تمام مارکیٹ کے شرکاء کو اطلاع دی گئی کہ فیوچرز مارکیٹ ایکٹ، 2016 (ایکٹ) جس کے تحت وفاقی حکومت پاکستان کو اختیارات دیئے گئے تھے اس نے نوٹیفیکیشن ایس.آر.او 199(1) 2017 مورخہ 15نومبر 2017 کے سیکشن 1 کے سب سیکشن (2) کے تحت اس ایکٹ کے (ریگولیٹری ایکٹوٹیز) حصہ IV پر 15نومبر 2017 سے عمل درآمد شروع کردیا ہے۔